



رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
HYDERABAD: Thursday, 20 June ,2024 Pages: 08 ₹5 Vol:18 Issue : 257
○ حب الوطنی ○ فرض شناسی ○ ایثار | یعنی مکمل سچ |
حیدرآباد، جمعرات، 20 رجون 2024، مطابق، 13 رذی الحجہ 1445ھ

دہلی میں شدید گرمی، تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے

22 افراد لقمہ اجل۔ شمال مغربی حصہ شدید متاثر۔ وزیر صحت کا صورتحال کا جائزہ

نئی دہلی، 19 رجون۔ (ایجنسیز) اس سال شدید گرمی نے لوگوں کی زندگی کو اجیرن کر رکھا ہے۔ ملک کے بیشتر حصے گرمی سے جھلس رہے ہیں۔ خاص طور سے ملک کے شمال مغربی حصوں میں گویا آگ برس رہی ہے۔ دہلی، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان میں ہیٹ ویو کے حوالے سے مسلسل الرٹ جاری کیا جارہا ہے۔ ان شہروں میں رہنے والوں نے ایسی گرمی پہلے کبھی نہیں دیکھی ہوگی۔ اس معاملے میں حیرت انگیز بات یہ ہے کہ گرمی کا یہ ستم رات میں بھی جاری ہے۔ انڈین میٹرولوجیکل ڈپارٹمنٹ کے سائنسداں انہیں 'گرم راتیں' کہتے ہیں، جو گرمی سے متاثرہ علاقوں میں محسوس کی جارہی ہیں۔ سائنسدانوں اور ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ دن اور رات کے زیادہ درجہ حرارت کے امتزاج نے ایسے حالات پیدا کیے ہیں، جو جسم پر گرمی کا زیادہ دباؤ ڈالتے ہیں، خاص طور پر ان لوگوں کیلئے، جن کے پاس ایئر کنڈیشنر یا کولر نہیں ہیں۔ ٹھنڈے پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے اس میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق شمال مغربی ہندوستان کے نصف سے زیادہ حصے میں گزشتہ 33 دنوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیئس یا اس سے زیادہ رہا ہے۔ دہلی، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کے بیشتر حصوں میں 1951 کے بعد سے یہ سب سے طویل 40 ڈگری کا درجہ حرارت ہے۔ گجرات کا تقریباً نصف حصہ اور اتر پردیش کا ایک تہائی سے زیادہ حصہ بھی 1951 کے بعد بدترین گرمی کا سامنا کررہا ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کا تجزیہ ظاہر کرتا ہے کہ شمالی میدانی علاقوں میں موسم گرم رہا ہے۔ راجستھان، ہریانہ، شمالی مدھیہ پردیش اور جنوبی اتر پردیش میں ایک بھی دن ایسا نہیں دیکھا گیا، جب زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیئس سے کم رہا ہو۔ الہ آباد (پریاگ راج) اتر پردیش میں سب سے زیادہ گرم شہر رہا۔ 28 مئی کو یہاں اب تک کا سب سے زیادہ درجہ حرارت 48.8 ڈگری ریکارڈ کیا گیا تھا۔ آئی ایم ڈی کے یومیہ ہیٹ ویو کے اعداد وشمار کے مطابق مغربی اتر پردیش میں مارچ 2024 سے اب تک ہیٹ ویو کے 26 دن ریکارڈ کیے گئے ہیں، جبکہ مشرقی اتر پردیش میں 22 دن ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ دہلی اور ہریانہ میں بھی گرمی کی لہر کے 23 دن ریکارڈ کیے گئے ہیں، جن میں سے زیادہ تر پچھلے ایک مہینہ میں ہوئے ہیں۔ پنجاب میں بھٹنڈہ اور ہریانہ میں روہتک دونوں ریاستوں میں اوسطاً گرم ترین مقامات رہے ہیں۔ یہاں کے 75 فیصد علاقے میں 28 سے 33 دنوں کیلئے 40 ڈگری سے زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ باڑمیر راجستھان میں 90 فیصد علاقے میں ایک دن بھی 40 سے کم کا درجہ حرارت نہیں رہا اور پچھلے مہینہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 45 سے 50 ڈگری کے درمیان تھا۔ ہمالیائی خطہ بھی اس سال شدید گرمی سے محفوظ نہیں رہا۔ پیر کو جموں کے کٹھوعہ میں درجہ حرارت 47.6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو جموں اور کشمیر میں کسی بھی جگہ کیلئے سب سے زیادہ ہے۔ جموں خطہ میں 18 مئی سے تقریباً ہر روز درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے اوپر جارہا ہے۔ ہماچل میں شملہ اور دھرم شالہ اور اتراکھنڈ کے مسوری اور نینی تال کے پہاڑی مقامات پر 23 مئی سے درجہ حرارت 30 ڈگری سینٹی گریڈ سے زیادہ دیکھا جارہا ہے۔

شمالی کوریا، یوکرین جنگ میں ماسکو کی مدد کریگا

روس اور شمالی کوریا، مغربی بلیک میلنگ کو برداشت نہیں کریں گے: ولادیمیر پوتن

پیانگ یانگ/سیؤل، 19 رجون۔ (ایجنسیز) روسی صدر ولادیمیر پوتن اور شمالی کوریا کے قائد کِم جونگ اُن نے چہارشنبہ کے دن چوٹی ملاقات میں ایک نئی شراکت داری پر دستخط کئے جس میں دونوں ممالک میں کسی پر بھی حملہ کی صورت میں باہمی مدد دینے کا عہد شامل ہے۔ یہ اقدام ایسے وقت ہوا جب دونوں ممالک کو مغرب کے ساتھ بڑھتے ٹکراؤ کا سامنا ہے۔ معاملت میں سیکوریٹی' تجارت' سرمایہ کاری' ثقافتی اور انسانی تعلقات شامل ہیں۔ 1991 میں سوویت یونین کے زوال کے بعد سے ماسکو اور پونگ یانگ کے درمیان یہ مضبوط ترین تعلق ہے۔ دونوں قائدین نے اسے باہمی تعلقات میں بڑا فروغ قرار دیا۔ پوتن 24 سال بعد شمالی کوریا آئے ہوئے ہیں۔ دونوں قائدین کی چوٹی ملاقات ایسے وقت ہوئی جب امریکہ اور اس کے حلیف ہتھیاروں کی سپلائی پر تشویش ظاہر کررہے ہیں۔ ماسکو کو یوکرین کیساتھ جنگ میں اسلحہ کی شدید ضرورت ہے جو اسے شمالی کوریا سے مل سکتا ہے۔ یہ امداد اسے معاشی تعاون اور ٹکنالوجی کی منتقلی کے عوض مل سکتی ہے جس سے شمالی کوریا کے نیوکلیر اسلحہ و میزائل پروگرام سے لاحق خطرہ بڑھ جائے گا۔ کِم نے اس معاملت کو دونوں ممالک کے درمیان نہایت مضبوط معاہدہ قرار دیا۔ انہوں نے یوکرین جنگ میں روس کی بھرپور تائید کا عہد کیا۔ شمالی کوریا کے قائد نے پوتن کا شاندار استقبال کیا۔ منگل کی رات انہوں نے ایرپورٹ جاکر ان کا خیر مقدم کیا۔ دونوں قائدین نے مصافحہ کیا اور دو مرتبہ گلے لگے۔ بعد ازاں وہ ایک لیموزین میں سوار ہوکر ایرپورٹ سے باہر نکلے۔ ان کی گاڑی کے آگے گاڑیوں کا بہت بڑا قافلہ دارالحکومت کی روشنیوں میں نہائی سڑکوں سے گزر رہا تھا۔ عمارتوں کو روسی پرچموں اور پوتن کے پورٹریٹ سے سجایا گیا تھا۔ رات میں سرکاری گیسٹ ہاؤز میں آرام کرنے کے بعد پوتن نے شہر کے مین اسکوائر میں خیر مقدمی تقریب میں شرکت کی جہاں ہزاروں کا مجمع تھا۔ بعد ازاں کِم نے اپنی قیادت کے کلیدی ارکان بشمول وزیر خارجہ سے پوتن کا تعارف کرایا۔ بات چیت شروع ہوتے ہی پوتن نے یوکرین جنگ میں روس کا ساتھ دینے پر شمالی کوریا کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جنگ امریکہ کی سامراجی تسلط پرست پالیسیوں اور روسی وفاق کے اطراف اس کے سٹیلائٹس کے خلاف لڑائی کا حصہ ہے۔ کِم نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات اب سوویت یونین دور سے بھی زیادہ گہرے ہوچکے ہیں۔ انہوں نے یوکرین جنگ میں روس کی حکومت' فوج اور عوام کی بھرپور تائید کا وعدہ کیا۔ شمالی کوریا پر اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی سخت تحدیدات نافذ ہیں جبکہ روس کو بھی امریکہ اور اس کے مغربی حلیفوں کی تحدیدات کا سامنا ہے۔ امریکہ اور جنوبی کوریا کے عہدیدار اکثر شمالی کوریا پر الزام عائد کرتے رہتے ہیں کہ وہ روس کو توپ خانہ' میزائل اور دیگر فوجی آلات یوکرین میں استعمال کے لئے فراہم کررہا ہے۔ اپنے دورہ شمالی کوریا کے موقع پر روسی صدر کا کہنا تھا کہ روس اور کوریا کی ایک آزاد خارجہ پالیسی ہے اور وہ بلیک میلنگ اور ڈکٹیٹ کی زبان کو برداشت نہیں کرتے، ہم گلا گھونٹنے والی پابندیوں سے مقابلہ کرتے رہیں گے جسے مغرب نے سیاست، اقتصادیات اور دیگر شعبوں میں اپنی بالادستی کو برقرار رکھنے کے لیے آلے کے طور پر استعمال کرنے کی عادت ڈال لی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وہ شمالی کوریا کے ساتھ فوجی تکنیکی تعاون کو مسترد نہیں کرتے۔ شمالی کوریا کے کِم جونگ اُن کے ساتھ ایک اسٹریٹیجک معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ روسی فیڈریشن شمالی کوریا کے ساتھ اس معاہدے کے سلسلے میں فوجی تکنیکی تعاون کو مسترد نہیں کرتا جس پر آج دستخط ہوئے ہیں۔

مختصر خبریں

ممبئی کے 50 ہسپتالوں کو ای میل کے ذریعہ بم کی دھمکی

ممبئی، 19 رجون۔ (ایجنسیز) مہاراشٹر میں ممبئی کے 50 ہسپتالوں کو مبینہ طور پر ای میل کے ذریعہ بم کی دھمکی موصول ہوئی جس سے خوف وہراس پھیل گیا اور سیکوریٹی عہدیداروں کو ہنگامی اقدامات کرنے اور انسداد تخریب کاری کی جانچ کرنے پر مجبور کیا گیا جو گھنٹوں تک جاری رہا۔ سرکاری ذرائع نے چہارشنبہ کے دن بتایا کہ تحقیقات کے بعد تمام دھمکیاں غلط ثابت ہوئیں۔ شہر کے جن ہسپتالوں کو ای میلز کے ذریعہ بم کی دھمکیاں موصول ہوئی ہیں ان میں جسلوک ہاسپٹل' رہیجا ہاسپٹل' سیون ہلز ہاسپٹل' کوہ نور ہاسپٹل' کے ای ایم ہاسپٹل' جے جے ہاسپٹل اور سینٹ جارج ہاسپٹل شامل ہیں۔ پولیس نے کہا کہ مقامی پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کیں لیکن کوئی بھی مشتبہ چیز نہیں ملی۔ پولیس نے کہا کہ دھمکی آمیز ای میلز وی پی این نیٹ ورک کا استعمال کرتے ہوئے بھیجے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دھمکیاں بھیجنے والے کی شناخت اور اس کے پیچھے محرکات کا ابھی تک پتہ نہیں چل سکا ہے۔

ایام تشریق کا اختتام، حجاج کی آج سے واپسی

مکہ مکرمہ، 19 رجون۔ (ایجنسیز) ایام تشریق کا اختتام ہوگیا ہے حجاج کرام کی واپسی 20 جون سے شروع ہوجائیگی۔ مناسک حج کی ادائیگی کے آخری دن بیشتر حجاج کرام تینوں شیطانوں کو کنکریاں مارنے کے بعد منیٰ سے رخصت ہوکر مکہ مکرمہ پہنچنے لگے ہیں۔ مقامی حجاج نے جدہ' مکہ مکرمہ' طائف' مدینہ منورہ' ریاض اور دیگر شہروں کی طرف روانگی شروع کردی۔ منیٰ سے مکہ مکرمہ اپنی رہائش گاہ واپسی کے بعد حجاج اب مدینہ منورہ جائیں گے۔ مسجد نبویؐ میں نمازیں ادا کریں گے اور روضہ رسولؐ پر حاضری دیں گے۔ حجاج مسجد قباء' مسجد قبلتین' سباء مساجد اور مقدس مقامات کی زیارت بھی کریں گے۔ اندازہ ہے کہ تقریباً 20 فیصد حجاج منیٰ میں قیام کریں گے اور رمی جمار کے بعد اپنی رہائش گاہوں کی جانب روانہ ہوں گے۔

نومنتخب رکن پارلیمنٹ امرت پال سنگھ کی این ایس اے حراست میں توسیع

چندی گڑھ، 19 رجون۔ (ایجنسیز) پنجاب کے نومنتخب رکن پارلیمنٹ امرت پال سنگھ اور 9 دیگر افراد کی حراست چہارشنبہ کے دن ایک سال کے لئے بڑھادی گئی۔ یہ سبھی قومی سلامتی قانون (این ایس اے) کے تحت آسام کی ڈبروگڑھ سنٹرل جیل میں بند ہیں۔ امرت پال سنگھ گزشتہ برس مارچ سے سلاخوں کے پیچھے ہے۔ وارث دے پنجاب کے سربراہ امرت پال سنگھ اور اس کے 3 ساتھیوں کی حراست 24 جولائی کو ختم ہونے والی تھی جبکہ اس کے دیگر 6 ساتھیوں کی حراست 18 جون کو ختم ہوگئی تھی۔ امرت پال سنگھ نے پہلی مرتبہ الیکشن لڑا اور اپنے قریبی حریف کانگریس امیدوار کلبیر سنگھ زیرا کو ایک لاکھ 97 ہزار 120 ووٹوں کی اکثریت سے ہرایا۔ حامیوں اور ہمدردوں کے نزدیک امرت پال سنگھ' جرنیل سنگھ بھنڈراں والے جیسا نئی نسل کا علیحدگی پسند قائد ہے۔ بھنڈراں والے کو 1984 میں ہندوستانی فوج نے آپریشن بلو اسٹار میں ہلاک کردیا تھا۔

مغربی کنارہ: اسرائیلی فائرنگ، ایک فلسطینی شہید

رملہ، 19 رجون۔ (ایجنسیز) فلسطین کے مغربی کنارے کے شہر بیت الحم میں اسرائیلی فائرنگ میں ایک فلسطینی کی موت ہوگئی ہے۔ یہ بات فلسطینی وزارت صحت نے بتائی۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا فلسطینی شہری امور کی اتھارٹی نے 39 سالہ بلال عادل بالو کی موت کی اطلاع دی، جو اسرائیلی فورسز کی گولی لگنے سے ہلاک ہوا۔ عینی شاہدین اور مقامی فلسطینی ذرائع نے منگل کو بتایا کہ بیت الحم کے جنوب میں بیت فجر قصبے کے داخلی دروازے پر اسرائیلی فوج نے بالو پر فائرنگ کی۔ اسرائیلی میڈیا نے بتایا کہ فلسطینی شخص نے ایک اسرائیلی فوجی پر چاقو سے حملہ کرنے کی کوشش کی تھی۔

علی گڑھ میں مسلم شخص کی ماب لنچنگ

چوری کے شبہ میں پیٹ پیٹ کر ہلاک کردیا گیا

علی گڑھ، 19 رجون۔ (ایجنسیز) علی گڑھ میں ایک مسلم شخص کا پیٹ پیٹ کر قتل کردیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ اس شخص پر چوری کا الزام عائد کرتے ہوئے اسے اس بری طرح پیٹا گیا کہ اس کی موت ہی ہوگئی۔ اس واقعہ کے ساتھ ہی علاقہ میں کشیدگی پیدا ہوگئی اور پولیس کی بھاری نفری وہاں تعینات کردی گئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ 7 ملزمین کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے خلاف کیس درج کرلیا گیا ہے جب کہ 6 کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ علی گڑھ کے محلّہ ماموں بھانجہ میں ماب لنچنگ کا نشانہ بننے والے مسلم شخص کی شناخت 35 سالہ محمد فرید عرف اورنگ زیب کے طور پر کی گئی ہے۔ اس کے ارکان خاندان نے بتایا کہ فرید جب کام سے گھر واپس ہورہا تھا تو ایک ہجوم نے اس پر حملہ کردیا اور مار پیٹ کی۔ یہ واقعہ منگل کی رات علی گڑھ کے ماموں بھانجہ محلّہ میں پیش آیا۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (سٹی) ایم شیکھر پاٹھک نے بتایا کہ پولیس جب تک موقع پر پہنچی فرید شدید زخمی ہوگیا تھا۔ اسے ملکھان سنگھ ہاسپٹل منتقل کیا گیا جہاں وہ اپنے زخموں سے جانبر نہ ہوسکا۔ فرید کے ارکان خاندان نے بتایا کہ فرید غلطی سے مکیش متل نامی ایک شخص کے مکان میں گھس گیا تھا جس پر چور ہونے کا شبہ کرتے ہوئے اسے متل کے ارکان خاندان اور دیگر لوگوں نے لاٹھیوں اور لوہے کی سلاخوں سے پیٹ پیٹ کر قتل کردیا۔ اس واقعہ کا ایک ویڈیو سوشیل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ واقعہ کی اطلاع جیسے ہی عام ہوئی، کئی افراد ہاسپٹل پر جمع ہوگئے اور ملزمین کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے اس وقت تک محمد فرید کی آخری رسومات انجام دینے سے انکار کردیا جب تک کہ خاطیوں کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جاتی۔ پولیس نے بتایا کہ 7 افراد کی شناخت کرتے ہوئے ان کیخلاف کیس درج کرلیا گیا جب کہ 6 کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج کی بنیاد پر یہ گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں جب کہ بعض دیگر نامعلوم افراد کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ مزید تحقیقات جاری ہیں۔ اسی دوران ان گرفتاریوں کی مخالفت اور خاطیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے علی گڑھ کے بی جے پی ایم ایل اے مکتا راجہ نے پارٹی ورکرس کی بڑی تعداد کیساتھ ریلوے روڈ پر دھرنا منظم کیا۔ انہوں نے ماب لنچنگ میں ملوث افراد کی تائید میں احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ مسلمان ایک چور کی تائید میں احتجاج کرتے ہوئے نظم وضبط بگاڑنے کی کوشش کررہے ہیں۔

حجاب پر امتناع، مسلمانوں کیخلاف نہیں

طالبات کا یکساں ڈریس کوڈ کا نفاذ مقصد۔ ہائی کورٹ میں ممبئی کے کالج کی دلیل

ممبئی، 19 رجون۔ (ایجنسیز) شہر کے ایک کالج نے چہارشنبہ کے دن بمبئی ہائی کورٹ میں دلیل دی کہ کالج میں حجاب' نقاب اور برقعہ پر امتناع صرف یکساں ڈریس کوڈ لاگو کرنے کیلئے ہے۔ یہ مسلم فرقہ کو نشانہ بنانے کیلئے نہیں ہے۔ کالج کی 9 طالبات گزشتہ ہفتہ ہائی کورٹ سے رجوع ہوئی تھیں۔ انہوں نے چیمبور ٹرامبے ایجوکیشن سوسائٹی کے این جی آچاریہ اور ڈی کے مراٹھے کالج میں ڈریس کوڈ لاگو کرنے اور حجاب' نقاب' برقعہ اور ٹوپی پر امتناع عائد کرنے کو چیلنج کیا تھا۔ یہ لڑکیاں ڈگری (سائنس) سال دوم اور سال سوم میں زیر تعلیم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈریس کوڈ رول سے مذہب پر عمل پیرا ہونے' پرائیویسی اور پسند کے حق کے بنیادی حق کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ کالج کا اقدام من مانی اور نامعقول ہے۔ ڈویژن بنچ نے درخواست گزاروں کے وکیل سے پوچھا کہ یہ کہاں لکھا ہے کہ حجاب' اسلام کا لازمی حصہ ہے۔ عدالت نے کالج انتظامیہ سے بھی پوچھا کہ آیا اس کے پاس ایسا امتناع عائد کرنے کا اختیار ہے۔ فریقین کی بحث سننے کے بعد ہائی کورٹ نے کہا کہ 26 جون کو آرڈر پاس کیا جائے گا۔ طالبات کے وکیل الطاف خان نے قرآن کی بعض آیات کا حوالہ دیا۔ ملک میں ہر ایک کو اس کے مذہب پر چلنے کی آزادی ہے۔ اس کے علاوہ پسند اور پرائیوسی کا بھی حق حاصل ہے۔ سینئر وکیل انیل انتورکر نے کالج کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ ڈریس کوڈ ہر مذہب اور ذات سے تعلق رکھنے والی لڑکیوں کیلئے ہے۔ یہ صرف مسلمانوں کے خلاف نہیں ہے۔ ڈریس کوڈ کی پابندی سبھی مذاہب کیلئے ہے تاکہ طالبات کھلے عام اپنا مذہب ظاہر نہ کریں۔ حجاب' نقاب یا برقعہ اسلام کا لازمی جز یا رواج نہیں ہے۔ کل کے دن اگر کوئی طالب علم یا طالبہ بھگوا لباس میں آئے تو کالج اسے بھی روک دے گا۔ مذہب یا ذات پات کا کھلے عام اظہار کیوں ضروری ہے؟ کیا کوئی برہمن اپنا جینو (پوتر دھاگہ) دکھاتے پھرتا ہے؟ کالج مینجمنٹ نے ایک کمرہ مختص کردیا ہے جہاں طالبات کلاس روم میں جانے سے قبل اپنا حجاب تبدیل کرسکتی ہیں۔ اس پر وکیل الطاف خان نے کہا کہ اب تک لڑکیاں حجاب' نقاب اور برقعہ کے ساتھ ہی جماعتوں میں آتی رہی ہیں۔ پہلے یہ کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ اچانک ایسا کیا ہوگیا کہ امتناع عائد کردیا گیا۔ ڈریس کوڈ میں صرف مہذب لباس کی بات کہی گئی ہے۔ کیا کالج مینجمنٹ کا یہ کہنا ہے کہ حجاب' نقاب اور برقعہ مہذب لباس نہیں اور اس سے عریانیت جھلکتی ہے؟۔ عدالت کا رخ کرنے سے قبل لڑکیاں چانسلر' وائس چانسلر ممبئی یونیورسٹی اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یوجی سی) سے بھی رجوع ہوئی تھیں۔

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے سمیت پارٹی لیڈروں اور کارکنوں نے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی کو بدھ کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے کیک کاٹتے ہوئے دیکھے جاسکتے ہیں۔

اوڈیشہ تشدد: بالاسور میں کرفیو برقرار، انٹرنیٹ سروس معطل

بالاسور، 19 رجون۔ (ایجنسیز) اوڈیشہ کے بالاسور میں دو برادریوں کے درمیان پرتشدد تصادم کے پیش نظر بالاسور میونسپلٹی علاقہ میں پیر کی آدھی رات سے نافذ غیر معینہ مدت کا کرفیو بدھ کو بھی جاری رہا۔ بالاسور کے پولیس سپرنٹنڈنٹ ساگاریکا ناتھ نے کہا کہ اب تک دونوں برادریوں کے 34 افراد کو بڑے پیمانے پر جھڑپوں کے سلسلے میں گرفتار کرکے عدالت میں پیش کیا گیا ہے۔ پولیس نے کرفیو کی خلاف ورزی کرنے پر 30 افراد کو حراست میں بھی لیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے امن وامان کے مسائل کو روکنے کے لیے شہر کے حساس علاقوں میں انٹرنیٹ سروس پہلے ہی معطل کردی ہے اور تمام داخلی راستوں کو سیل کردیا ہے۔ اوڈیشہ اسٹیٹ آرمڈ پولیس فورسز کے تقریباً 43 دستے شہر میں تعینات کیے گئے ہیں اور پولیس کے سینئر افسران صورتحال پر نظر رکھنے کے لیے شہر میں ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔ شہر میں کرفیو کے باوجود بھیڑ نے منگل کی رات دو اسکریپ گوداموں کو آگ لگادی۔ فائر بریگیڈ کو فوری طور پر حرکت میں لایا گیا تاہم دونوں گوداموں میں رکھا زیادہ تر سامان آگ کی زد میں آگیا۔ شہر میں بدامنی اس وقت شروع ہوئی جب کچھ لوگوں نے نالے میں خون آلود پانی دیکھا اور پولیس کو اطلاع دی تو یہ واقعہ جلد ہی پرتشدد ہوگیا اور دونوں فریقوں کے درمیان جھڑپیں شروع ہوگئیں۔ شورش زدہ علاقوں میں ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت امتناعی احکامات نافذ کیے تھے۔

آسام سے سیلاب کا قہر، 30 افراد ہلاک

15 اضلاع کے 1.61 لاکھ سے زائد لوگ متاثر۔ 309 دیہات زیر آب

گوہاٹی، 19 رجون۔ (ایجنسیز) آسام میں سیلاب کی صورت حال مزید خوفناک بنی ہوئی ہے۔ 15 اضلاع کے 1.61 لاکھ سے زائد افراد اس سیلاب سے متاثر ہیں۔ سیلاب کی وجہ سے مزید 6 لوگوں کی موت ہوگئی ہے جس کے بعد مہلوکین کی تعداد بڑھ کر 30 ہوگئی ہے۔ کریم گنج ضلع کے بدر پور علاقہ میں لینڈ سلائڈنگ میں 3 نابالغوں سمیت 5 افراد کی موت واقع ہوگئی ہے۔ آسام ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (اے ایس ڈی ایم اے) کی رپورٹ کے مطابق ہیلاکانڈی ضلع میں سیلاب کے پانی میں ڈوبنے سے ایک شخص کی موت ہوگئی ہے۔ سیلاب کے سبب کریم گنج میں حالات انتہائی تکلیف دہ دکھائی دے رہے ہیں۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ پارتھ پروتم داس نے بتایا کہ سیلاب کی حالت اب بھی سنگین ہے۔ اے ایس ڈی ایم اے کی ڈیلی فلڈ رپورٹ کے مطابق بکسا' بارپیٹا' درانگ' دھیماجی' گولپارہ' کریم گنج' ناگاوں اور نلباڑی ضلعوں میں سیلاب کے سبب 1 لاکھ 5 ہزار 700 سے زائد لوگ متاثر ہوئے ہیں۔ موصولہ اطلاع کے مطابق صرف کریم گنج میں ہی سیلاب سے تقریباً 95300 افراد متاثر ہوئے ہیں۔ اس کے بعد ناگاوں ضلع میں تقریباً 5000 افراد متاثر ہوئے ہیں' جبکہ دھیماجی میں 3600 لوگ سیلاب کے پانی میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اے ایس ڈی ایم اے نے بتایا کہ فی الحال 309 گاوں پانی میں ڈوب چکے ہیں اور ریاست بھر میں 1005.7 ہیکٹیر علاقہ میں فصل متاثر ہوا ہے۔

سپریم کورٹ کی نگرانی میں نیٹ دوبارہ منعقد کیا جائے: اسداویسی

حیدرآباد، 19 رجون۔ (ایجنسیز) اے آئی ایم آئی ایم کے صدر اسدالدین اویسی نے نیٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں پر مرکز کی این ڈی اے حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور سپریم کورٹ کی نگرانی میں امتحان دوبارہ منعقد کرنے کا مطالبہ کیا۔ مجلس اتحاد المسلمین کے صدر دفتر (ہیڈ کوارٹر) دارالسلام میں منگل کے روز ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسدالدین اویسی نے دعویٰ کیا "نیٹ امتحان ایک لطیفہ (جوک) بن گیا ہے۔ بورڈ امتحانات سے قبل طلبہ سے تبادلہ خیال کرنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے حیدرآباد کے ایم پی نے الزام عائد کیا کہ وزیر اعظم نے طلبہ کے مستقبل کو تباہ کردیا ہے اور اولیائے طلبہ کے خوابوں کو چکنا چور کردیا ہے۔ میڈیکل انٹرنس اگزامنیشن نیشنل ایلیجیبلیٹی۔ کم انٹرنس ٹسٹ یا نیٹ یو جی کا اہتمام نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی نے 5 مئی کو ملک بھر میں 4750 مراکز پر کیا گیا تھا جس میں پورے ملک بھر سے 24 لاکھ طلبہ نے شرکت کی تھی اور نیٹ کے نتائج کا 4 جون کو اعلان کیا گیا۔ بہار جیسے مختلف ریاستوں میں پیپر لیک اور دیگر بے قاعدگیوں کے الزامات لگ چکے ہیں۔ ان الزامات پر مختلف ریاستوں میں احتجاج کا سلسلہ چل پڑا ہے۔ اسدالدین اویسی نے کہا کہ بی جے پی والوں کو کچھ تو شرم آنی چاہئے۔ کیونکہ نیٹ میں 24 لاکھ طلبہ شریک تھے مگر مرکز کی بی جے پی حکومت نے صرف 1500 طلبہ کیلئے مکرر امتحان منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

وارانسی میں مودی کی بلٹ پروف گاڑی پر چپل پھینکی گئی

وارانسی، 19 رجون۔ (ایجنسیز) وارانسی سے آئے ایک ویڈیو میں دعویٰ کیا جارہا ہے کہ منگل 18 جون کو وارانسی میں پی ایم نریندر مودی کی بلٹ پروف گاڑی پر چپل پھینکی گئی۔ اس واقعے کی ویڈیو X (سابقہ ٹویٹر) پر منظر عام پر آئی جس پر انٹرنیٹ استعمال کنندگان نے ردعمل ظاہر کرتے ہوئے اسے پی ایم مودی کی سیکورٹی کی خلاف ورزی قرار دیا۔ بتایا گیا ہے کہ پھینکی گئی چپل مودی کی گاڑی کے بونٹ کو لگی جسے سیکوریٹی اہلکاروں نے اٹھا کر واپس پھینک دیا۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سیکیورٹی اہلکار چپل کو اٹھا کر بھیڑ میں واپس پھینکتا ہے اور گاڑی کو صاف کرتا ہے۔ تاہم، یہ واقعہ پی ایم مودی کے قافلے کو روکنے کے باعث نہیں بنا۔ ویڈیو میں اس شخص کی پس منظر کی آواز بھی سنی جاسکتی ہے جس نے ممکنہ طور پر ویڈیو ریکارڈ کی تھی۔ ویڈیو میں اسے یہ کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے کہ "چپل پھیک کے ماردیا کوئی۔" ویڈیو کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم X پر کئی ہینڈلز کے ذریعے بڑے پیمانے پر شیئر کیا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی منگل (19 جون) کو وارانسی میں تھے۔ انہوں نے دریائے گنگا کے کنارے مشہور گنگا آرتی بھی دیکھی۔ وارانسی 2014 سے وزیر اعظم نریندر مودی کا پارلیمانی حلقہ ہے۔ وہ اس سیٹ سے لگاتار تین بار جیت چکے ہیں۔ تاہم اس مرتبہ انہیں خاطر خواہ ووٹ نہیں ملے اور انہیں اپنے قریبی حریف کانگریس امیدوار اجے رائے کے مقابلہ صرف ڈیڑھ لاکھ ووٹ زیادہ حاصل ہوئے تھے۔

منی پور میں 3 عسکریت پسند گرفتار۔ اسلحہ برآمد

امپھال، 19 رجون۔ (ایجنسیز) پولیس اور سیکورٹی فورسز نے تشدد زدہ منی پور میں تین جنگجوؤں کو ٹینگنو پال سے گرفتار کیا۔ سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن کے دوران جدید ترین اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق اطلاع ملی تھی کہ جنگجو منی پور میں دراندازی کی کوشش کررہے ہیں۔ اس کے بعد ٹینگنو پول ضلع میں ہندوستان۔ میانمار سرحد پر 36 گھنٹوں کے دوران آپریشن میں مختلف زیر زمین تنظیموں کے تین عسکریت پسندوں کو گرفتار کیا گیا۔ آپریشن میں کالعدم کنگلی یاول کنبہ لوپ (کے وائی کے ایل) کے دو عسکریت پسندوں اور کالعدم کنگلی پاک کمیونسٹ پارٹی (نویل گروپ) کے ایک جنگجو کو گرفتار کیا گیا۔ بندرگاہ نے کہا کہ پکڑے گئے عسکریت پسندوں کو قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ پولیس اسٹیشن کے حوالے کردیا گیا ہے۔ عسکریت پسندوں کے قبضے سے ایک اے کے 56 اسالٹ رائفل، 22 رائفلیں، ایک بندوق، دو دیسی ساختہ پراجیکٹائل لانچر، ایک چینی ہینڈ گرینیڈ اور دیگر گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکورٹی فورسز کی بس کو آگ لگا دی گئی۔ سینٹرل پیرا ملٹری فورس کے اہلکاروں کو لے جانے کے لیے استعمال ہونے والی بس کو کانگ پوکپی ضلع کے تھامس میدان میں ایک ہجوم نے آگ لگادی۔

بجٹ سے قبل ماہرین اقتصادیات سے سیتارمن کی مشاورت

سرکردہ ماہرین نے اپنی تجاویز پیش کیں۔ 18 ویں لوک سبھا اجلاس کا 24 رجون سے آغاز

نئی دہلی، 19 رجون۔ (ایجنسیز) مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتا رمن نے آج یہاں عام بجٹ 25-2024 کی تیاریوں کے پیش نظر سرکردہ ماہرین اقتصادیات کے ساتھ پہلی پری بجٹ بحث کی۔ وزارت فینانس نے ایکس پر یہ معلومات دیتے ہوئے کہا کہ اس اجلاس میں ملک کے سرکردہ ماہر اقتصادیات نے اپنی تجاویز دیں اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ وزیر فینانس نے اس اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں مرکزی وزیر مملکت برائے فینانس پنکج چودھری' فینانس سکریٹری؛ معاشی امور' محصولات' مالیاتی خدمات اور کارپوریٹ امور کے محکموں کے سکریٹریز اور حکومت ہند کے چیف اکنامک ایڈوائزر نے بھی شرکت کی۔ قابل ذکر ہے کہ عام انتخابات کے پیش نظر اس بار عبوری بجٹ فروری میں پیش کیا گیا تھا۔ عام انتخابات کے بعد سیتا رمن کو دوبارہ وزارت فینانس کا چارج ملا ہے اور انہوں نے اب مکمل بجٹ کی تیاری شروع کردی ہیں۔ نومنتخب 18 ویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس 24 جون سے شروع ہونے جارہا ہے۔ یہ سیشن 3 جولائی تک جاری رہے گا جس میں ابتدائی طور پر لوک سبھا کے منتخب ارکان کو حلف دلایا جائیگا اور اس کے بعد لوک سبھا کے اسپیکر کا انتخاب کیا جائیگا۔ اس اجلاس میں نومنتخب ارکان کی حلف برداری' اسپیکر کا انتخاب' صدر کا خطاب اور اس پر بحث ہوگی۔ راجیہ سبھا کا 264 واں اجلاس 27 جون سے شروع ہوگا اور 3 جولائی تک جاری رہے گا۔ توقع ہے کہ پارلیمنٹ کا یہ اجلاس دو مرحلوں میں اختتام پذیر ہوسکتا ہے۔ اس کا دوسرا مرحلہ 22 جولائی سے 9 اگست تک کا ہوسکتا ہے اور اسی دوران مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن بجٹ پیش کریں گے اور اس پر بحث ہوگی اور اسے پاس کرایا جائے گا کیونکہ حکومت کے پاس ابھی 31 اگست تک اخراجات کے لئے پارلیمنٹ کی منظوری ہے۔

کجریوال کی عدالتی حراست میں توسیع

نئی دہلی، 19 رجون۔ (ایجنسیز) دہلی کی ایک عدالت نے ایکسائز پالیسی سے متعلق مبینہ منی لانڈرنگ کیس میں گرفتار دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی عدالتی تحویل میں 3 جولائی تک توسیع کردی ہے۔ خیال رہے کہ اروند کجریوال کی عدالتی حراست کی مدت بدھ کو ختم ہورہی تھی۔ اس وجہ سے ای ڈی نے انہیں آج دہلی کی راؤز ایونیو عدالت میں پیش کیا۔ وہ اس وقت تہاڑ جیل میں بند ہیں۔ ای ڈی نے عدالت سے مسٹر کجریوال کی عدالتی حراست میں توسیع کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ دہلی سرکار کی متنازع شراب پالیسی میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات ابھی بھی جاری ہے اور انہیں عدالتی تحویل میں رکھنے کی ضرورت ہے۔